**THE WEST BENGAL COUNCIL OF RABINDRA OPEN SCHOOLING**

**UCHCHA MADHYAMIK PARIKSHA, 2025**

**Urdu**

**Time : 3 Hours 15 Minutes** **Full Marks : 80**

(First 15 Minutes for reading the question paper)

## (General Instructions for the Examinees)

Candidates should write their Name, Roll No. and Registration No. in their respective answer scripts.

First 15 Minutes are allotted for reading the question paper.

Answers should be in brief and to the point.

Write correct question no. against each answer.

Special credit will be given for answers which are brief and to the point.

Marks will be deducted for spelling mistakes, untidiness and bad handwriting.
In the right side the marks of questions are given.

(Multiple Choice Questions)

**1.** درج ذیل سوالوں سے ہر ایک کے درست جواب پر ( ✔ ) کی نشاندہی کیجیے۔ 1×21=21

(i) ''میں نے کہا کیسے روپے! دستاویز نکال میں روپے گن دیتا ہوں۔''

درج بالا جملہ کس نے کہے؟

(الف) خواجہ سگ پرست (ب) سوداگر ابچہ

(ج) سگ پرست کا غلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) مولانا آزاد کا انتقال کب ہوا؟

(الف) 22/فروری 1956ء (ب) 22/فروری 1957ء

(ج) 22/فروری 1958ء (د) 22/فروری 1959ء

(iii) خواجہ حسن نظامی کو کان سا مضمون نصاب میں شامل ہے؟

(الف) لالٹین (ب) برف

(ج) جھینگر کا جنازہ (د) سی پارۂ دل

(iv) درج ذیل سے کون سی کتاب رشید احمد صدیقی کی تصنیف ہے؟

(الف) روپ (ب) غبارِ خاطر

(ج) گنج ہائے گرانمایاں (د) عودِ ہندی

(v) مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کا لقب کیا تھا؟

(الف) نجم الدولہ (ب) مرزا نوشہ

(ج) میر مہدی (د) مرزا سوداؔ

(vi) میر تقی میرؔ کے والد کا نام کیا تھا؟

(الف) محمد علی تقی (ب) احمد علی متقی

(ج) عبداللہ بیگ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vii) مرزا غالبؔ کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(الف) دلّی (ب) الہٰ آباد

(ج) اکبر آباد (د) لکھنؤ

(viii) وحشتؔ کلکتوی کس لقب سے مشہور ہیں؟

(الف) دبیر الملک (ب) طوطیٔ ہند

(ج) مرزا نوشہ (ج) غالب ثانی

(ix) ''اردوئے معلیٰ'' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) حسرت موہانی (ب) خواجہ حسن نظامی

(ج) میر امن دہلوی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(x) ''عشق کا تُو ہے صحیفہ تیری تفسیر ہون میں''۔۔۔اس مصرعہ میں متکلم کون ہے؟

(الف) قدرت　　(ب) فرشتہ

(ج) انسان　　(د) کائنات

(xi) کس شاعر نے ''طنز وظرافت'' کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ہے؟

(الف) فراقؔ گورکھپوری　　(ب) حسرتؔ موہانی

(ج) اکبرؔ الہٰ آبادی　　(د) ڈاکٹر اقبالؔ

(xii) رگھوپت سہائے اردو شاعری میں کس نام سے مشہور ہوئے؟

(الف) پریم چند　　(ب) کرشن چندر

(ج) فراقؔ گورکھپوری　　(د) چکبستؔ

(xiii) اکبرؔ الہٰ آبادی کے والد کا نام بتائیے۔

(الف) محمد تفضّل حسین　　(ب) میر محمد تقی

(ج) میر سوداؔ　　(د) میر تقی میرؔ

(xiv) آپ کے نصاب میں شامل ڈرامہ ''رستم وسہراب'' کا مصنف کون ہیں؟

(الف) امتیاز علی تاج　　(ب) کمال احمد

(ج) آغا حشر کاشمیری　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(xv) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کس کے استاد تھے؟

(الف) بہادر شاہ ظفرؔ (ب) احمد شاہ ثانی

(ج) مرزا جہانگیر (د) نواب آصف الدولہ

(xvi) فراقؔ گورکھپوری کی وفات کب ہوئی؟

(الف) 1981ء (ب) 1982ء

(ج) 1983ء (د) 1984ء

(xvii) ''باغ و بہار'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) میر امنؔ دہلوی (ب) مرزا علی لطفؔ

(ج) حیدر بخش حیدریؔ (د) کاظم علی جوانؔ

(xviii) ''باغ و بہار'' کی تصنیف کس کالج میں ہوئی تھی؟

(الف) دلّی کالج (ب) کلکتہ یونیورسٹی

(ج) فورٹ ولیم کالج (د) جامعہ ملیہ اسلامیہ

(xix) درج ذیل سے کون شاعر ترقی پسند تحریک سے منسلک تھے؟

(الف) علامہ اقبالؔ (ب) داغؔ دہلوی

(ج) علی سردار جعفریؔ (د) اکبرؔ الٰہ آبادی

(xx) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کے استاد کا نام بتایئے؟

(الف) داغؔ دہلوی (ب) مرزا غالبؔ

(ج) شاہ نصیرؔ دہلوی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xxi) مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفرؔ نے کس شاعر کو ''ملک الشعراء'' کے خطاب سے نوازا تھا؟

(الف) غالبؔ (ب) ذوقؔ

(ج) مومنؔ (د) میر مہدی مجروحؔ

**2.** درج ذیل سوالات میں سے کسی چودہ (۱۴) سوالوں کے مختصر جواب لکھئے: 1×14=14

Short Answer type questions

(i) ''پس ۔۔۔۔ تمہارے بھائیوں کہ یہ نوبت اور تم بے فکر ہو''— اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(ii) ''کاش کہ تیرے بدلے خدا اندھا بیٹا دیتا تو میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوتا اور باپ کا رفیق ہوتا۔''

یہ جملے کس نے کس سے کہا؟

(iii) مولانا آزاد کا تاریخی نام کیا تھا؟

(iv) ''یہاں احاطہ کے شمالی گوشہ میں ایک نیم کا درخت ہے۔''

اس جملہ میں ''یہاں'' سے مراد کونسی جگہ ہے؟

(v) خواجہ حسن نظامی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(vi) ''طمانچہ برخسار یزید'' کس کی تصنیف ہے؟

(vii) حسرت موہانی کا اصل نام لکھئے۔

(viii) حسرت موہانی کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(ix) شعر مکمل کیجئے۔شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے۔......................................

(x) مرزا غالبؔ کے استاد کا نام کیا تھا؟

(xi) ''تو اگر اپنی حقیقت سے خبردار رہے''۔ یہ مصرع کس نظم کا ہے؟

(xii) ''تیری محفل کو اسی شمع نے چمکایا ہے۔''— یہاں ''شمع'' سے مراد کیا چیز ہے؟

(xiii) نظم ''کمان'' کے شاعر کا نام بتائیے۔

(xiv) اکبرالہٰ آبادی کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(xv) فراقؔ کا اصل نام کیا تھا؟

(xvi) ''ماں........دنیا..........زندگی........رخصت....... آہ! خدا!!''

اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(xvii) آغا حشر کاشمیریؔ کی پیدائش کہان ہوئی ؟

(xviii) فورٹ ولیم کالج کا قیام کب اور کہاں ہوا؟

(xix) حیدر بخش حیدریؔ کے والد کا نام بتائیے۔

(xx) ''آرائش محفل''میں کس قصہ کا خلاصہ ہے؟

(xi) ترقی پسند مصنفین کا باقاعدہ اجلاس ہندوستان میں کب اور کہاں ہوا تھا؟

**3.** درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جوابات کم از کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×2=10

Subjective / Descriptive type questions

(i) مولانا آزاد کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(ii) رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(iii) مرزا غالبؔ کی خطوط نویسی کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے اغراض و مقاصد بیان کیجئے۔

**4.** درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جوابات کم از کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×2=10

(i) درج ذیل بند کی تشریح کیجئے:

کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا
یک سر وہ استخوان شکستوں سے چُور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر
میں بھی کبھو کسو کے سرِ پُر غرور تھا

(ii) مرزا غالبؔ کی شاعری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

(iii) وحشتؔ کی غزل گوئی سے متعلق اپنی واقفیت پیش کیجئے۔

(iv) مولانا حسرتؔ موہانی کی حالات زندگی پر مختصر روشنی ڈالئے۔

(v) درج ذیل بند کی تشریح کیجئے۔

میں بھی آباد ہوں اس نور کی بستی میں مگر
جل گیا پھر مری تقدیر کا اختر کیونکر؟
نُور سے دور ہوں ظلمت میں گرفتار ہوں میں
کیوں سیہ روز، سیہ بخت ، سیہ کا ر ہوں میں

**5.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجئے۔(100 الفاظ پر مشتمل ہو) 5×1=5

(i) رستم یا گرد آفرید کے کردار پر نوٹ لکھئے۔

(ii) آغا حشر کاشمیری کی حالات زندگی کو اپنی زبان میں تحریر کیجئے۔

**6.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب کم از کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

(i) ترقی پسند تحریک سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(ii) ترقی پسند شاعروں میں سے فیض احمد فیضؔ کا مقام متعین کیجئے۔

**7.** درج ذیل سوالوں سے کسی دو سوالوں کے جوابات ہدایات کے مطابق لکھئے۔ 5×2=10

(i) درج ذیل عنوانات سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔

(الف) ماحولیاتی آلودگی

(ب) تعلیم نسواں

(ii) درج ذیل سے کسی دو کی تعریف مع مثال کیجئے۔

فعل حال-اسم جمع-صفت نسبتی-ضمیر اشارہ۔

(iii) ذیل کے خاکے کی مدد سے کہانی اور اس کا عنوان لکھئے۔

ایک لکڑ ہارا............. جنگل میں .............. کلہاڑی دریا میں گرا............ اُداس مایوس................

ایک پری نمودار ہوئی............. سونے کی کلہاڑی لا کر دیا........... لکڑ ہارے کا انکار..................

چاندی کی کلہاڑی بھی واپس................اس کی اپنی کلہاڑی.....................لے لیا......................

سونے اور چاندی کی کلہاڑی بطور انعام.................۔

8. درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔ (ہر جواب کم از کم سو الفاظ پر مشتمل ہو) 5×1=5

(i) سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔

He has found memories of Kolkata of genial friends helpful editors and friendly people. This could well have been his had fate not willed otherwise. The first time he come here in 1960, as struggling writer. And this is where he got his first literary breake.

(ii) افسانہ نگاری کا فن مع اجزائے ترکیبی مفصّل لکھئے۔

(iii) سگریٹ نوشی کے نقصانات کو ظاہر کرتے ہوئے اپنے بھائی کو ایک خط لکھئے۔